6. جدید دوری جدول کاایک حصّہ ذیل میں دیا گیا ہے۔اس کی بنیاد پر نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: $\frac{1}{2} \times 4 = 2$

| گروپ نمبر → / دور ↓ | 1 | 2 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2 | | A | | | | B | | |
| 3 | E | | | D | | | F | C |

(a) اتحاد: (i) A اور F (ii) E اور B
کے ذریعے تشکیل پانے والے مرکب کا مالیکیولیائی فارمولا لکھیے۔

(b) کون سا عنصر ہے؟
(i) نوبل گیس (ii) دھات نما (Metalloid)

7. (a) تفاعلی گروپ –OH والے دو لگاتار ہم ترکیب نامیاتی مرکبات کے کیمیائی فارمولے لکھیے۔

(b) مالیکیولیائی کمیت میں اضافہ ہونے سے کسی ہم ترکیب سلسلے کے نامیاتی مرکبات کے (i) نقطہ ابال اور (ii) حل پذیری پر کیا اثر پڑتا ہے؟ $\frac{1}{2} \times 4 = 2$

## حصّہ – B

8. (a) ہم تالابوں اور مچھلیوں کو صاف نہیں کرتے لیکن کسی مچھلی گھر کی پابندی کے ساتھ صفائی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔کیوں؟ 1+2

(b) فضا کی اوپری تہوں پر اوزون کی پرت کیوں پتلی ہوتی جا رہی ہے؟اس کے پتلے ہونے کے کسی ایک نقصان دہ اثر کا تذکرہ کیجیے۔

9. (a) ان عوامل کی فہرست تیار کیجیے جن پر کسی دیے ہوئے مادے سے بنے ہموار استوانی موصل کی مزاحمت منحصر کرتی ہے۔ 2+1

(b) 0.01 cm نصف قطر کے کسی تار کی مزاحمت $10\ \Omega$ ہے۔ اگر تار کی نوعی مزاحمت (Resistivity) $50 \times 10^{-8}\ \Omega$ m ہے،تو تار کی لمبائی معلوم کیجیے۔

یا

(a) کسی برقی آلے کی برقی پاور کے کیا معنی ہیں؟اس کی SI اکائی لکھیے۔ $1\frac{1}{2}$

(b) 2kW کی ایک برقی کیتلی کو 2h استعمال کیا گیا۔صرف ہوئی توانائی معلوم کیجیے:

(i) کلوواٹ میں اور

(ii) جول میں




collegedunia
India's largest Student Review Platform

10. دیے گئے سرکٹ میں معلوم کیجیے: 3

(i) سرکٹ کی کل مزاحمت کی قدر

(ii) ایم۔میٹر میں سے گزر رہے کرنٹ کی قدر





11. کسی ہرے تنے والے ٹماٹر کے پودے، جیسے (GG) سے ظاہر کیا جاتا ہے، کہ پارزیرگی اودے تنے والے ٹماٹر کے پودے کے ساتھ کرائی جاتی ہے، جیسے (gg) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔


(i) ان کی F1 نسل میں آپ تنے کے کس رنگ کی امید کرتے ہیں؟

(ii) F2 نسل میں آپ ہرے رنگ کے تنوں والے پودوں اور اودے رنگ کے تنے والے پودوں کی کیا نسبت پائیں گے؟

(iii) مندرجہ بالا مشاہدات کی بنیاد پر کیا نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے؟

12. مندرجہ ذیل نامیاتی مرکبات ملاحظہ کیجیے: 3


(i)


(ii)

(a) ان مرکبات میں پائے جانے والے تفاعلی گروپ کے نام لکھیے۔

(b) اس تفاعلی گروپ کے مرکبات کا عمومی فارمولا لکھیے۔

(c) ان مرکبات کے درمیان رشتہ لکھیے اور کسی ایسے دیگر مرکب کی ساخت کھینچیے جس میں یہ تفاعلی گروپ پایا جاتا ہو۔

**یا**

(a) ایتھائن (ethyne) کی الیکٹران-ڈاٹ-ساخت کھینچیے۔ 1+2 = 3

(b) شریک گرفت مرکبات اور آئنی مرکبات کے ذریعے ظاہر کی جانے والی خاصیتوں میں دو فرق بتائیے۔



collegedunia
India's largest Student Review Platform

